4603-دوران سفر کچھ رقم ملی

سوال

ایک شخص کوراستے میں جاتے ہوئے کچھ رقم ملی اوراس کا کوئی مالک بھی نہیں ملا، اب اس کا سوال ہے کہ وہ اس رقم کا کیا کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمدللہ

اس شخص پر ضروری ہے کہ وہ اس راستے کی آس پاس
کے شہروں اور قصبوں میں لوگوں کے جمع ہونے والی جگھوں پر اس کا اعلان کرے (مثلا
راستے میں آنے والے پٹرول پمپوں اور پولیس چوکیوں پر اعلانات چسپاں کرے)

کیونکہ گمان ہے کہ صاحب مال ان کا ہی رہائیشی ہوگا، اگرایک سال تک اسے رقم کا
مالک نہ ملے تواس کے بعداس اختیار ہے کہ وہ اسے مالک کے آنے تک اپنے پاس رکھے یا
پھراسے صدقہ کردے، اوراگراس کے بعد رقم کا مالک آپہنچے تو اسے اپنے تصرف کا بتائے
اگر تووہ اسے صدقہ کی اجازت دے تو بہتر اوراچھا ہے اوراگروہ اعتراض کرے تووہ ضامن
ہوکراسے واپس لوٹائے اورصدقہ اس کا ہوگا یا پھر وہ اسے اپنے سارے مال کی طرح خرچ کرلے
اورجب بھی صاحب مال آئے اسے واپس کردے۔ .